ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆


★★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، ظفر آباد، کراچی، لاہور، کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار 90-2331689 ☎

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 32 | بدھ 13 مئی 2026ء، 25 ذیقعدہ 1447ھ، 31 بیساکھ 2083ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 05



پشاور، وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ علاقائی دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# سرکاری افسران عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں، نوید کامران

## آئی آر ڈی پروگرام کے تحت عوام کو زیادہ ریلیف دیا جائے، وفاقی محتسب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے اپنے ادارے کے افسروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ عوام کی خدمت کو شعار بنائیں، لوگوں کے مسائل حل کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں، یہ سرکاری ملازمین کا فرض بھی ہے اور عبادت بھی، سرکاری ادارے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو جلد ریلیف مل سکے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے ادارے کے علاقائی دفتر پشاور کے دورے کے دوران وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر پشاور، سوات اور ایبٹ آباد کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران صوبائی محتسب مظاہر زیب سے ملاقات بھی کی، جس میں عوامی شکایات کے ازالے، ادارہ جاتی تعاون اور انصاف تک رسائی کو مزید بہتر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، ہم 600 سے زائد وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کے ازالے کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ عوام الناس کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر پشاور کی تعمیر کے لئے مناسب اراضی کی نشاندہی کے لئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تنازعات کے غیر رسمی حل کے پروگرام آئی آر ڈی کو مزید قابل عمل اور موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ IRD پروگرام کے تحت عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے IRD پروگرام کو نئے سرے سے ترتیب دیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کو علاقائی دفاتر کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔

Daily AQ TIMES ISLAMABAD

Editor in Chief: Waseem Qureshi

Vol: 02 Issue: 56 Pages: 4 Price: 20 Wednesday May 13 2026



President directs use of all possible measures to induce inflationary impact in meeting with PM

PM directs full utilisation of resources to strengthen law enforcement agencies after recent terror attacks



# Federal Ombudsman Takes Major Action in Peshawar — Orders Immediate Resolution of Public Complaints, Issues Strict Directives to Government Officers



**Islamabad**
**Waseem Qureshi**

Federal Ombudsman Nawed Kamran Baloch, during his visit to the regional office of the institution in Peshawar, issued strict directives to government officers, emphasizing that public service should be adopted as a guiding principle and that no negligence in resolving citizens' issues would be tolerated.

The Federal Ombudsman stated that serving the public is not only a responsibility for government employees but also an act of worship. He further directed all federal institutions to ensure immediate implementation of the decisions of the Federal Ombudsman so that complainants could receive timely justice and relief.

These important directives were issued while addressing a meeting of officers from the regional offices of Peshawar, Swat, and Abbottabad, where the overall performance of the institution, redressal of public complaints, and provision of prompt justice were reviewed in detail.

During the visit, the Federal Ombudsman also held an important meeting with Provincial Ombudsman Mazhar Zeb, in which discussions were held regarding the resolution of public complaints, institutional cooperation, and improving access to justice for the common citizen.

Federal Ombudsman Nawed Kamran Baloch stated that the Federal Ombudsman Secretariat serves as a court for the poor and underprivileged, where ordinary citizens are provided justice even against powerful institutions. He added that the Federal Ombudsman is actively working to address complaints of maladministration and injustice against more than 600 federal institutions across the country.

He directed officers to make the Informal Resolution of Disputes (IRD) program more effective, active, and result-oriented so that maximum relief could be provided to the public. For this purpose, it has also been decided to reorganize the IRD program with a new approach.

The Federal Ombudsman further directed officials to immediately identify suitable land and expedite measures for the construction of a new building for the regional office in Peshawar.

During the meeting, the Federal Ombudsman was also given a detailed briefing regarding the performance of regional offices, registration of public complaints, implementation of decisions, and provision of relief to citizens.

https://asas.pk/ Email:- asasrwp@gmail.com
پاکستان کی نظریاتی سیاسی عملبرداراور عوام کی امنگوں کا عکاس
روزنامہ اساس راولپنڈی
ایڈیٹر انچیف شیخ افتخار عادل
WEDNESDAY 13 MAY 2026
جلد 32 شمارہ 52 | بدھ 25 ذوالقعدہ 1447ھ 13 مئی 2026ء 30 بیساکھ | صفحات 08 | قیمت 20 روپے



اسلام آباد، وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# افسران عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں، نوید کامران بلوچ

## لوگوں کے مسائل حل کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے اپنے ادارے کے افسروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ عوام کی خدمت کو شعار بنائیں، لوگوں کے مسائل حل کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں، یہ سرکاری ملازمین کا فرض بھی ہے اور عبادت بھی۔ سرکاری ادارے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو جلد ریلیف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 93)

سہولیات فراہم کی جا سکیں

**بقیہ 93 وفاقی محتسب**

حل سکے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے ادارے کے علاقائی دفتر پشاور کے دورے کے دوران وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر پشاور، سوات اور ایبٹ آباد کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران صوبائی محتسب مطاہر زیب سے ملاقات بھی کی، جس میں عوامی شکایات کے ازالے، ادارہ جاتی تعاون اور انصاف تک رسائی کو مزید بہتر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے۔ ہم 600 سے زائد وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کے ازالے کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ عوام الناس کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر پشاور کی تعمیر کے لئے مناسب اراضی کی نشاندہی کے لئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تنازعات کے غیر رسمی حل کے پروگرام آئی آر ڈی کو مزید قابل عمل اور موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ IRD پروگرام کے تحت عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے IRD پروگرام کو نئے سرے سے ترتیب دیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کو علاقائی دفاتر کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔